پُرنور دُعائیں

حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم العالیہ

علماء دیوبند کے علوم کا پاسبان
دینی و علمی کتابوں کا عظیم مرکز ٹیلیگرام چینل
حنفی کتب خانہ محمد معاذ خان
درس نظامی کیلئے ایک مفید ترین
ٹیلیگرام چینل ہے

ادارۃ المعارف کراچی ۱۴

جب ہوائیں چلیں

جب تیز ہوائیں چلیں یا آندھی آئے تو یہ دُعا پڑھنی چاہیے:-

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْأَلُکَ مِنْ خَیْرِ ھٰذِہِ الرِّیْحِ وَخَیْرَ مَا اُمِرَتْ بِہٖ وَنَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ ھٰذِہِ الرِّیْحِ وَشَرِّ مَا فِیْھَا وَشَرِّ مَا اُمِرَتْ بِہٖ. (ایضاً)

ترجمہ:- یا اللہ! ہم اس ہوا کی بھلائی اور جس چیز کا اسے حکم دیا گیا ہے اس کی اچھائی آپ سے مانگتے ہیں، اور اس کے شر سے اور جو کچھ اس میں ہے اس کے شر سے اور جس چیز کا اسے حکم دیا گیا ہے اس کے شر سے آپ کی پناہ مانگتے ہیں۔

جب گرج چمک زیادہ ہو

جب آسمان پر گرج چمک ہو تو یہ دعا پڑھی جائے:-

اَللّٰھُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِکَ وَلَا تُھْلِکْنَا بِعَذَابِکَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِکَ. (ترمذی)

ترجمہ:- یا اللہ! ہمیں اپنے غضب سے قتل نہ کیجئے اور اپنے عذاب سے ہلاک نہ کیجئے اور اس سے پہلے ہمیں عافیت عطا کیجئے۔

جب بارش ہو یا گھٹا آئے

جب گھٹا آتی دیکھے تو یہ دُعا کرے:-

① اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا اُرْسِلَ بِہٖ. (حصن حصین)

ترجمہ:- یا اللہ! یہ گھٹا جس چیز کے ساتھ بھیجی گئی ہے اس کے شر سے ہم آپ کی پناہ مانگتے ہیں۔

جب بارش آنے لگے تو یہ دُعا کرنی چاہیئے:-

② اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ صَیِّبًا ھَنِیْئًا. (ایضاً)

ترجمہ:- یا اللہ! اس کو خوشگوار بارش بنادیجئے۔